Ofsted
raising standards
improving lives

# مجموعی کارکردگی کے لیے اسکول کے ستمبر 2024 سے قبل کے معائنے کو اچھا تصور کیا گیا ہے: راک ووڈ اکیڈمی

نسیپی روڈ، ایلم راک،برمنگھم، ویسٹ مڈلینڈز B8 3HG

---

| | |
|---|---|
| معائنے کی تاریخیں: | 29 اور 30 اپریل 2025 |

## نتیجہ

راک ووڈ اکیڈمی نے گزشتہ معائنہ میں نمایاں کردہ معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے موثر کارروائی کی ہے۔

اس اسکول کے ہیڈ ٹیچر رچرڈ ریو ہیں۔ یہ اسکول کور (CORE) ایجوکیشن ٹرسٹ کا حصہ ہے، جس کا مطلب ہے کہ ٹرسٹ میں شامل دیگر افراد بھی اسکول کو چلانے کی ذمہ داری رکھتے ہیں۔ یہ ٹرسٹ چیف ایگزیکٹیو آفیسر (سی ای او) جو ٹائلر چلاتی ہیں اور اس کی نگرانی ٹام گبنز کی زیر صدارت بورڈ آف ٹرسٹیز کرتے ہیں۔

## اس اسکول میں تعلیم حاصل کرنا کیسا ہے؟

تعلیم کے حصول کے لیے راک ووڈ اکیڈمی ایک نتیجہ خیز اور جامع جگہ ہے۔ عملہ دیکھ بھال کرنے والا اور شفیق ہے۔ شاگرد خوش ہیں۔ طلبہ کے لیے اسکو ل کے عزائم بلند درجے کے ہیں، بشمول محروم طلبہ اور خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوری رکھنے والے طلباء ((SEND۔ نئے قائدین اور ٹرسٹ کے پاس اس بات کو یقینی بنانے کے لیے موثر حکمت عملی موجود ہے کہ شاگرد اب ان بلند درجہ عزائم کی تکمیل کریں۔

طلباء اپنے آپ سے اسکول کی اعلیٰ درجہ توقعات پر اچھی طرح سے اترتے ہیں۔ اس امر کا اظہار بہت سے طالب علموں کی تعلیمی کارکردگی اور ان کے مثبت رویے سے ہوتا ہے۔ طالب علم ایک دوسرے اور عملے کے ساتھ اچھی طرح ملتے جلتے ہیں۔ طالب علموں کو یقین ہے کہ اگر وہ کبھی پریشان ہوں تو بات کرنے کے لیے عملے کا کوئی رکن دستیاب ہوتا ہے۔ مثبت تعلقات اس عمل کو مزید تقویت دیتے ہیں۔

طالب علموں کو اپنی ذات اور اپنے کردار کی نشوونما کے لیے ایک اچھا ماحول ملتا ہے۔ وہ پیشہ وارانہ روزگار اور جدید برطانوی معاشرے میں مساوات، صحت مند تعلقات، ذاتی حفاظت اور زندگی کے بارے میں اہم معلومات حاصل کرتے ہیں۔ وہ صحیح اور غلط کے بارے میں مضبوط احساس رکھتے ہیں اور یہ بتاتے ہیں کہ تمام لوگ برابر ہیں۔ طالب علم اس تعلیم کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ وہ نتیجے کے طور پر جدید برطانیہ میں زندگی کے لیے بہت اچھی طرح سے تیار ہیں۔

## اسکول کونسا کام اچھا کرتا ہے اور اس کو کونسا کام بہتر طور پر کرنے کی ضرورت ہے؟

اسکول گزشتہ معائنے کے بعد سے کچھ ہنگامہ خیز دور سے گزرا ہے۔ اس میں عملے کی تمام سطحوں پر نمایاں تبدیلیاں شامل تھیں جنھوں نے تعلیم کے معیار پر

منفی اثر ڈالا ہے۔ نتیجے کے طور پر 2024 میں طالب علموں، بشمول پسماندہ طالب علموں کے شائع شدہ نتائج نیچے آئے ہیں۔ نئی قیادت کی تعیناتی اور تقرر کے بعد سے تعلیمی معیار میں یہ گراوٹ رک گئی اور واپس پلٹ گئی ہے۔ اس کی مثالوں میں تمام مضامین کا ایک نیا وسیع اور متوازن نصاب اور اس کو بہترین طریقے سے پڑھانے کی موثر حکمت عملی شامل ہیں۔ نتیجے کے طور پر اب تمام طالب علم بشمول پسماندہ طالب علموں کے مطلوبہ نصاب کو اچھی طرح سے سیکھتے ہیں۔

عملے کے افراد طالب علموں اور ان کی ضروریات کو بخوبی جانتے ہیں۔ اس امر کے بارے میں وہ ایک مؤثر جائزہ مکمل کرتے ہیں کہ طالب علم کیا جانتے ہیں اور کیا کر سکتے ہیں۔ عام طور پر اساتذہ ان معلومات کو اپنے تدریسی طریق کار کے مطابق ڈھالنے اور کسی بھی غلط فہمی کو دور کرنے اور جب طالب علم تیار ہوں تو ان کی تعلیم میں اضافہ کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ تاہم، اس میں تسلسل نہیں ہوتا۔ بعض اوقات، جب شاگردوں کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے یا وہ نئی چیزیں سیکھنے کے لیے تیار ہوتے ہیں تو عملے کے کچھ افراد کو اس کا عمل نہیں ہوتا۔ چند ایک شاگردوں کو انتظار میں چھوڑ دیا جاتا ہے جو کہ ان کے سیکھنے کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے۔

اسکول نے سینڈ (SEND) والے طلبا کو مدد فراہم کرنے کے لیے واضح طور پر ایک طریق کار وضع کیا ہوا ہے۔ یہ تیزی کے ساتھ کسی بھی ایسے طالب علم کی نشاندہی کرتا ہے جس کو اضافی مدد کی ضرورت درپیش ہو سکتی ہو۔ عملے کو ہر طالب علم کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مددگار حکملت عملی اور معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ منتخب کردہ تربیتی اقدامات طالب علموں کو دوسروں کے ساتھ ساتھ چلنے میں مدد دیتی ہیں۔ نتیجے کے طور پرسینڈ (SEND) والے طالب علم سیکھنے کی راہ میں حائل اپنی رکاوٹوں پر قابو پا لیتے ہیں۔

پورے اسکول میں مطالعے کو اعلیٰ ترجیح پر رکھا جاتا ہے۔ اسکول کو علم ہے کہ بہت سے طالب علم خواندگی کے کم درجے پر ہوتے ہیں۔ عملہ ان طلباء کی شناخت کرتا ہے جن کو اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ ان کو مطلوبہ مدد فراہم کرتے ہیں۔ طلباء علم حاصل کرنے کی مہارتیں سیکھتے ہیں اور ان کے پاس ان مہارتوں پر عمل کرنے کے لیے بہت سے مواقع ہوتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر، وہ تیزی کے ساتھ وہ علم اور مہارت حاصل کر لیتے ہیں جو کہ ایک بااعتماد اور روانی سے مطالعہ کرنے والے فرد کو درکار ہوتی ہے۔ مزید برآں، کی اسٹیج 3 میں موجود تمام طالب علموں کے لیے مخصوص کردہ مطالعہ اور لائبریری کے سیشنز ان کو بھرپور اور متنوع تحریروں میں مزید مدد دیتے ہیں۔

اسکول ایک پرسکون اور منظم ماحول ہے۔ شاگرد ملنسار اور شائستہ ہیں۔ وہ طرز عمل کی نئی اور بلند درجہ توقعات کو سمجھتے ہیں اور ان کو باقاعدگی سے پورا کرتے ہیں۔ عملہ ناقص حاضری سے نمٹنے کے لیے سخت محنت کرتا ہے۔ وہ ان مشکلات کے بارے میں جانتے ہیں جو کہ بعض طالب علموں کو باقاعدگی سے اسکول آنے میں درپیش ہوتی ہیں۔ رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے کلیدی عملہ ان شاگردوں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے۔ اس محنت اور حاضری کے اعداد و شمار میں کچھ بہتری کے باوجود بھی طلباء کی ایک قابل ذکر تعداد ایسی ہے جو کہ اسکول سے مسلسل غیر حاضر رہتی ہے۔ نتیجتاً، یہ طلباء تعلیم کے حصول کا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں۔

طلباء کو ذریعہ معاش کے انتخاب کے بارے میں آگاہ کرنے اور مشورے دینے کا پروگرام ان کو تعلیم، روزگار یا تربیت کے بارے میں اپنے اگلے اقدامات کے دوران باخبر فیصلے کرنے میں مدد دیتا ہے۔ نتیجے کے طور پر طلباء اپنے اگلے مراحل کے لیے اچھی طرح سے تیار ہوتے ہیں۔

ٹرسٹ اور لوکل گورننس اسکول کو مشکلات میں معاونت اور وسائل فراہم کرتے ہیں تاکہ اس کے جامع وژن کو پورا کیا جا سکے۔ اسکول نے عملے کی تربیت کا ایک پروگرام تیار کیا ہے۔ یہ اساتذہ کو اپنے کردار کو اچھی طرح سے نبھانے کے لیے معلومات فراہم کرتا ہے۔ عملے کے افراد قائدین کی تعریف کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ ان کی بھلائی اور کام کے بوجھ کا خیال رکھتے ہیں۔

## سیفگارڈنگ [تحفظ فراہم کرنا]

حفاظتی انتظامات موثر ہیں۔

## بہتری لانے کے لیے اسکول کو کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

## (اسکول اور متعلقہ اتھارٹی کے لیے معلومات)

- عملے کے چند ایک افراد غلط فہمیوں کو فوری طور پر دور کرنے کے لیے اپنی تربیت کو مؤثر طریقے سے کام میں نہیں لا پاتے یا اس کے برعکس جب طلباء نئی چیزیں سیکھنے کے لیے تیار ہوتے ہیں تو وہ سیکھنے کے عمل کو آگے نہیں بڑھا پاتے۔ اس سے چند ایک طلباء کی پڑھائی میں خلل پیدا ہوتا ہے۔ اسکول کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ عملے کے تمام افراد کو مہارت حاصل ہو تاکہ وہ طلباء کو مؤثر طریقے سے سیکھنے میں مدد فراہم کر سکیں۔
- طلباء کی ایک قابل ذکر تعداد مسلسل اسکول سے غیر حاضر رہتی ہے۔ نتیجتاً، یہ طلباء تعلیم کے حصول کا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں۔ اسکول کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ وہ ان خاندانوں کو تعلیم اور اسکول کی طرف مائل کریں تاکہ طلباء زیادہ کثرت کے ساتھ حاضر ہوں۔

## پس منظر

ہم نے ستمبر 2024 تک درجہ بدرجہ (سیکشن 5) معائنے کے نتیجے میں کلیدی اور انتظامی فیصلوں کے علاوہ اسکولوں کو مجموعی طور پر مؤثر کارکردگی کے درجے پر رکھا تھا۔ مجموعی مؤثر کارکردگی کے ستمبر 2024 سے قبل دیے گئے درجات اسکول کے معائنے کی رپورٹوں اور آفسٹیڈ کی ویب سائٹ پر آویزاں رہیں گے۔ ستمبر 2024 کے بعد درجہ بندی کے معائنے میں مجموعی مؤثر کارکردگی کا درجہ شامل نہیں ہوگا۔ ستمبر 2024 سے قبل اس اسکول کو مجموعی کارکردگی کے لیے اچھا تصور کیا گیا تھا۔

ہم نے اب اس امر کا تعین کرنے کے لیے اسکول کا معائنہ کیا ہے کہ آیا اسکول نے گزشتہ معائنے میں تسلیم کردہ معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے موثر کارروائی کی ہے۔ اس معائنے کو غیر درجہ بند معائنہ کہا جاتا ہے اور اس کو ایجوکیشن ایکٹ 2005 کی سیکشن 8 کے تحت انجام دیا جاتا ہے۔ ہم غیر درجہ بند معائنے پر درجہ بندی کے بارے میں فیصلے جاری نہیں کرتے۔ تاہم، اگر ہمیں اس بات کا ثبوت مل جائے کہ اسکول کے کام میں نمایاں طور پر بہتری آئی ہے یا یہ اتنا مضبوط نہیں ہو سکتا جتنا کہ یہ گزشتہ معائنے پر تھا تو اس کا اگلا معائنہ درجہ بندی کا معائنہ ہوگا۔ درجہ بندی کا معائنہ ایکٹ کی سیکشن 5 کے تحت انجام دیا جاتا ہے۔ اس کو عام طور پر غیر درجہ بند معائنے کی تاریخ کے ایک تا دو سال کے اندر انجام دیا جاتا ہے۔ اگر ہمیں تحفظ، رویے یا تعلیم کے معیار کے بارے میں سنگین خدشات ہوں تو ہم فوری طور پر غیر درجہ بند معائنے کو درجہ بندی کا معائنہ تصور کریں گے۔

جب سے ہم نے مارچ 2016 میں اسکول کو مجموعی طور پر مؤثر کارکردگی کے لیے اچھا سمجھا یہ دوسرا غیر درجہ بند معائنہ ہے۔

## میں اپنی آراء کیسے دے سکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنے بچے کے اسکول کے بارے میں اپنی رائے دینے کے لیے یا یہ جاننے کے لیے کہ دیگر والدین اور کیئررز کیا سوچتے ہیں۔ آفسٹیڈ پیرنٹ ویو کا استعمال کر سکتے/سکتی ہیں۔ کون سے اسکولوں کا معائنہ کرنا ہے اور ان کا معائنہ کب کرنا ہے یہ فیصلہ کرتے وقت ہم آفسٹیڈ پیرنٹ ویو سے معلومات استعمال کرتے ہیں۔

اس بارے میں محکمہ تعلیم کے پاس مزید رہنمائی دستیاب ہے کہ اسکول کے بارے میں شکایت کیسے کی جائے۔

## مزید معلومات

آپ اسکول کے بارے میں شائع شدہ کارکردگی سے متعلق معلومات یہاں پر دیکھ سکتے ہیں۔

رپورٹ میں 'پسماندہ طالب علم' کا استعمال خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوری رکھنے والے طالب علموں (SEND) کے لیے کیا گیا ہے؛ وہ طالب علم جو کہ مدد اور تحفظ کے محتاج بچوں کی تعریف پر پورا اترتے ہیں ; وہ طلباء جو کہ لوکل اتھارٹی کے سوشل ورکر سے قانونی حمایت حاصل کرنے والے طالب علم ہیں؛ اور وہ طالب علم جو کہ بصورت دیگر اسکول کے طالب علموں کی پریمیم فنڈنگ کا فیصلہ کرنے کے لیے استعمال کیے گئے معیار پر پورا اترتے ہیں (اس میں گزشتہ چھ سالوں میں کسی بھی وقت اسکول کا مفت کھانا کلیم کرنے والے طلباء شامل ہیں۔
زیر دیکھ بھال بچے (لوکل اتھارٹی کی دیکھ بھال میں بچے) اور/یا ایسے بچے جن کو گود لے لیا گیا ہو یا کسی اور رسمی طریقے سے دیکھ بھال چھوڑ دی ہو)۔

## اسکول کی تفصیلات

| | |
|---|---|
| **منفرد ریفرنس نمبر** | 138059 |
| **لوکل اتھارٹی** | برمنگھم |
| **معائنہ نمبر** | 10366640 |
| **اسکول کی قسم:** | اسکینڈری |
| **اسکول کیٹیگری** | اکیڈمی |
| **طلباء کی عمر کی حد** | 11 تا 16 |
| **طلباء کی جنس** | مخلوط |
| **اسکول رول پر طلباء کی تعداد** | 1093 |
| **موزوں اتھارٹی** | بورڈ آف ٹرسٹیز |
| **ٹرسٹ کے صدر** | ٹام گبنز |
| **ٹرسٹ کی سی ای او** | جو ٹائلر |
| **ہیڈ ٹیچر** | رچرڈ ریو |
| **ویب سائیٹ** | www.corerockwood.academy |
| **گزشتہ معائنے کی تاریخ** | ایجوکیشن ایکٹ 2005 کی سیکشن 8 کے تحت 8 اکتوبر 2020۔ |

## اس اسکول کے بارے میں معلومات

- راک ووڈ اکیڈمی ٹرسٹ کور (CORE) ایجوکیشن ٹرسٹ کا ایک حصہ ہے۔
- اسکول ایک اوسط سائز کا سیکنڈری اسکول ہے۔
- آخری معائنے کے بعد سے عملے میں بشمول سینئر قیادت کی سطح پر نمایاں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔
- فی الحال اسکول اپنے چند ایک طالب علموں کے لیے تین متبادل رجسٹرڈ شدہ فراہم کاروں کو استعمال کرتا ہے۔
- اسکول فراہم کاروں کے رسائی حاصل کرنے کے قانونی تقاضوں کو پورا کرتا ہے جس کے تحت اسکولوں کو 8 سے 13 سال کے طلباء کو منظور شدہ تکنیکی تعلیم کی قابلیت اور اپرنٹس شپس کے بارے میں معلومات اور مشغولیت فراہم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

## اس معائنے کے بارے میں معلومات

- معائنے اسکول کی طرف سے تعلیم کی فراہمی کے معیار کے بارے میں انجام دیا گیا ایک جائزہ ہیں۔

- انسپکٹرز نے اسکول کے ساتھ وبائی امراض کی وجہ سے کسی بھی طرح کے مسلسل اثرات پر تبادلہ خیال کیا ہے اور اسکول کے جائزے میں اس کو مدنظر رکھا ہے۔
- انسپکٹرز نے ہیڈ ٹیچر، ڈپٹی ہیڈ ٹیچرز، اسسٹنٹ ہیڈ ٹیچرز اور دیگر سینئر لیڈروں سے ملاقات کی ہے۔ لیڈ انسپکٹر نے ملٹی اکیڈمی ٹرسٹ کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ کی ہے جس میں سی ای او اور گروپ سی ای او بھی شامل تھے۔ انسپکٹرز نے اسکول کی انکلوژن لیڈ، نصابی رہنماؤں اور تدریسی عملے سے ملاقات کی ہے۔
- انسپکٹرز نے تدریسی نمونے وزٹ کیے ہیں اور چند ایک طلباء سے ان کے سیکھنے کے بارے میں بات کی ہے اور طلباء کے کام کے نمونے دیکھے ہیں۔ لیڈ انسپکٹر نے چند ایک طلباء کے ساتھ اسکول کا دورہ کیا ہے۔
- انسپکٹرز نے سیفگارڈنگ کے اثرات کا جائزہ لینے کے لیے واحد مرکزی ریکارڈ کا جائزہ لیا ہے؛ رہنماؤں، عملے اور طلباء کے خیالات حاصل کیے ہیں اور اس بات پر غور کیا ہے کہ اسکول نے سفگارڈنگ کے حوالے سے کس حد تک ایک کھلا اور مثبت کلچر بنایا ہے جو کہ طلباء کے مفادات کو مقدم رکھتا ہو۔
- انسپکٹرز نے تدریس کے دوران اور بریک ٹائمز اور لنچ ٹائم میں طلباء کے رویے اور بات چیت کا مشاہدہ کیا ہے اور معائنے کے دوران بہت سے طلباء کے ساتھ بات چیت کی ہے۔
- انسپکٹرز نے والدین کے فری ٹیکسٹ تبصروں اور آفسٹڈ کے پیرنٹ ویو سروے کے جوابات کو بھی دیکھا ہے۔ انسپکٹرز نے طلباء اور عملے کے سروے کے جوابات پر بھی غور کیا ہے۔

**معائنہ ٹیم**

| | |
|---|---|
| بیانکا زیمکے، لیڈ انسپکٹر | منصب شاہی کے انسپکٹر |
| فلپ ہیملٹن | آفسٹیڈ انسپکٹر |

آفس فار اسٹینڈرڈ ان ایجوکیشن، چلڈرنز سروسز اینڈ اسکیلز (آفسٹیڈ) بچوں اور نوجوانوں کی دیکھ بھال، اور ہر عمر کے سیکھنے والوں کے لیے تعلیم اور مہارتوں میں عمدگی حاصل کرنے کے لیے باقاعدگی کے ساتھ معائنہ کرتا ہے۔ یہ بچوں کی دیکھ بھال اور بچوں کے سوشل کیئر کو منظم کرتا ہے اور اس کا معائنہ کرتا ہے، اور چلڈرن اینڈ فیملی کورٹ ایڈوائزری اینڈ سپورٹ سروس ((Cafcass، اسکولوں، کالجوں، ابتدائی اساتذہ کی تربیت، مزید تعلیم اور ہنر، بالغوں اور کمیونٹی کی تعلیم، اور جیلوں اور دیگر محفوظ اداروں میں تعلیم و تربیت کا معائنہ کرتا ہے۔ یہ کونسل کی چلڈرن سروسز کا جائزہ لیتا ہےاور بچوں کی دیکھ بھال، حفاظت اور بچوں کے تحفظ کی سروسز کا معائنہ کرتا ہے۔

اگر آپ اس دستاویز کی کاپی مختلف فارمیٹ میں حاصل کرنا چاہتے/چاہتی ہوں جیسا کہ بڑے پرنٹ یا بریل تو مہربانی فرما کر 1231 123 0300 پر ٹیلی فون کریں یا اس پر ای میل enquiries@ofsted.gov.uk کریں۔

آپ اوپن گورنمنٹ لائسنس کی شرائط کے تحت ان معلومات (لوگو سمیت) کو کسی بھی فارمیٹ یا میڈیم میں دوبارہ سے مفت میں استعمال کر سکتے ہیں۔ اس لائسنس کو ملاحظہ کرنے کے لیے اس پر جائیں، www.nationalarchives.gov.uk/doc/open- government-licence، انفارمیشن پالیسی ٹیم نیشنل آرکائیوز، کیو، TW9 4DU لندن کو خط لکھیں یا اس پر ای میل کریں: .psi@nationalarchives.gsi.gov.uk

یہ اشاعت یہاں پر دستیاب ہے http://reports.ofsted.gov.uk/.

کیا آپ ہمارے کام میں دلچسپی لیتے ہیں؟ مزید معلومات اور اپ ڈیٹس کے لیے آپ ہمارے ماہانہ نیوز لیٹر کو سبسکرائب کر سکتے ہیں: http://eepurl.com/iTrDn.

Piccadilly Gate
Store Street
Manchester
M1 2WD

ٹیلیفون: 0300 123 1231
ٹیکسٹ فون: 0161 618 8524 ای
میل: enquiries@ofsted.gov.uk
ویب سائیٹ:
www.gov.uk/ofsted

© کراؤن کے حقوق اشاعت 2025